Shannen Koostachin Elementary School

ہیملٹن - وینٹ ورتھ ڈسٹرکٹ اسکول بورڈ کا قابل فخر اسکول

110 Bellagio Avenue
Hannon, Ontario L0R 1P0
فون: 289.768.2755
فیکس: 905.692.9880

ای میل: shannenkoostachin@hwdsb.on.ca
پرنسپل: Tricia Nelson
نائب پرنسپل: Louise van der Put
www.hwdsb.on.ca/shannenkoostachin

Shannen Koostachin
KODIAKS

6 ستمبر 2023

محترم والدین / سرپرست حضرات،

ہم آپ کو گہرے رنج کے ساتھ یہ اطلاع دے رہے ہیں کہ کنڈرگارٹن کے ہمارے محبوب ٹیچر مسٹر کارل کریچمین (Carl Creatchman) کا آج صبح انتقال ہو گیا۔

مسٹر کریچمین کی وفات کی خبر ہماری اسکول کمیونٹی کے لیے ایک گہرا اور اچانک خسارہ ہے۔ مسٹر کریچمین نے ہمارے اسکول میں 5 سالوں تک کام کیا اور عمارت کو کھولنے میں ہماری مدد کی۔ مسٹر کریچمین کو طلبہ، عملہ اور کمیونٹی کے ساتھ ان کی حیرت انگیز تعلق، ان کے زبردست حس مزاح اور گٹار کی ان کی بہترین صلاحیتوں کے لیے یاد کیا جائے گا۔

ہم اس مشکل وقت میں مسٹر کریچمین کی فیملی اور ان کے دوستوں کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ ہماری اسکول کمیونٹی کے لیے ان کی خود سپردگی کے احترام اور تعظیم کی نشانی کے بطور، ہمارے اسکول کا پرچم سرنگوں کر دیا جائے گا۔

بورڈ کی کریٹیکل انسیڈنٹ ریسپانس ٹیم (Critical Incident Response Team, CIRT) کے ممبران کل تعاون پیش کرنے کے لیے ہمارے اسکول میں موجود رہیں گے۔ ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ آپ گھر پر اپنے بچوں کے لیے ان کے افکار اور سوالات شیئر کرنے کا ایک موقع فراہم کرنے کے خواہاں ہو سکتے ہیں۔

والدین، سرپرست اور نگراں حضرات دیکھ بھال کرنے والے کسی بالغ فرد کی وفات کے بارے میں بات کرتے وقت اپنے بچوں کا تعاون کرنے کے لیے https://hwdsb.info/distressing پر *جانکاہ واقعہ کے بعد بچوں اور نوجوانوں کا تعاون کرنے والے بالغ افراد کے لیے تجاویز (Tips for adults supporting children and youth after distressing events)* تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس وقت کے دوران بچوں کا تعاون کرنے سے رنج اور خسارے کے ان کے احساسات کو سمجھنے اور ان پر قابو پانے کی ان کی اہلیت میں زبردست حد تک اعانت ملے گی۔

طلبہ *HWDSB Helps* (https://hwdsb.info/HWDSBHelps) کا استعمال کر کے بھی تعاون تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں: 905-963-0066 پر ٹیکسٹ کریں (معیاری شرحیں لاگو ہوتی ہیں)، iOS اور Android کے لیے HWDSB Helps ایپ، یا ویب چیٹ استعمال کریں۔ ایمرجنسی کی صورت میں، 911 پر کال کریں۔

غم کے اس وقت میں ہمارے خیالات مسٹر کریچمین کے ساتھ ہیں۔ انہیں جان کر ہماری زندگیاں مالا مال ہوئی ہیں۔

مخلص،

Tricia Nelson
پرنسپل

Louise van der Put
نائب پرنسپل

Colin Hazell
نائب پرنسپل

Sharon Stephanian
سپرنٹنڈنٹ آف اسکولز